مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# ترکی

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by

ICMPD
International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## اسلام آباد میں ترکی کا سفارت خانہ

پاکستان میں ترک سفارت خانہ 1948ء سے کام کر رہا ہے۔ سارا پاکستان ترک سفارت خانے کی ذمہ داری میں آتا ہے۔ ہمارے سفارت خانے کے قونصلر آفس کی ذمہ داری میں سارا پاکستان شامل ہے، ماسوائے سندھ و بلوچستان صوبوں کے جو قونصلیٹ جنرل کراچی کی ذمہ داری ہیں۔

سفارت خانے کے اندر مسلح افواج کے اتاشی کا آفس، قونصلر برائے تجارتی امور کا آفس اور ایجوکیشنل قونصلر کا آفس کام کرتے ہیں۔

**پتہ:** سٹریٹ نمبر 1، ڈپلومیٹک انکلیو، اسلام آباد، پاکستان۔

**برائے رابطہ:**

**ٹیلی فون:** +92 51 831 98 10

**ٹیلی فون اور فیکس:** +92 51 227 76 71

**موبائل:** *72 74 563 306 92+ (*صرف ایمر جنسی کے لیے! کام کے اوقات کے بعد۔ براہِ مہربانی ویزا کے متعلق معلومات کے لیے اس نمبر پر کال نہ کریں۔

ویزا کے متعلق مزید معلومات کے لیے http://islamabad.emb.mfa.gov.tr/Mission/About وزٹ کریں۔

## کراچی میں ترکی کا قونصلیٹ:

ٹرکش قونصلیٹ جنرل، 29-A، خیابان حافظ، فیز V، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی، سندھ۔ 75500۔

**ٹیلی فون:** (21) 35874334

**ای میل:** consulate.karachi@mfa.gov.tr

**ویب سائیٹ:** http://karachi.cg.mfa.gov.tr

## ترکی کے ویزوں کے متعلق عمومی معلومات:

پر زور سفارش کی جاتی ہے کہ ترکی جانے کے خواہش مند غیر ملکی ترک ویزوں کے قواعد سے تمعلقہ معلومات پڑھ لیں۔
سیاحت اور کاروبار کی غرض سے کسی ملک کے مجوزہ وزٹ کے قواعد کام اور تعلیم کے لیے مجوزہ وزٹ سے مختلف ہو سکتے ہیں۔ نیز ترکی کے ویزا قواعد دو طرفہ تعلق کے مطابق تبدیل ہو سکتے ہیں۔

کچھ ایک درخواست گزار شاید سیاحت یا کاروبار کے سلسلے میں ترکی کے ویزا سے مستثنیٰ ہوں، جبکہ دیگر ایک ای ویزا حاصل کر سکتے ہیں۔ تمام دیگر درخواست گزاروں کو بیرون ملک ترکی کے نمائندہ دفاتر کے ذریعے ویزا حاصل کرنا ہو گا۔

## ترکی کے لیے ویزا کی اقسام یہ ہیں:

### سیاح/کاروباری شخص:

a) سیاحتی (ٹورِسٹ) وزٹ۔
b) سنگل ٹرانزٹ۔
c) ڈبل ٹرانزٹ۔
d) بزنس میٹنگ / تجارت۔
e) کانفرنس / سیمینار / میٹنگ۔
f) تہوار / میلہ / نمائش۔
g) کھیلوں سے متعلقہ سرگرمی۔
h) ثقافتی و فنی سرگرمی۔
i) سرکاری دورہ۔
j) ٹرکش ری پبلک آف ناردرن سائپرس کا دورہ۔

### سرکاری (آفیشل) ویزا:

a) فرائض کے سلسلے میں۔
b) کوریئر۔

### سٹوڈنٹ – تعلیمی ویزا:

a) انٹرن شپ ویزا۔
b) انٹرن شپ اِراسمس۔
c) انٹرن شپ AISEC۔
d) ٹرکش لینگویج کورس کی غرض سے۔
e) کورس کی غرض سے۔
f) تعلیمی مقصد کی خاطر۔
g) ٹرکش ری پبلک آف ناردرن سائپرس میں تعلیم۔

### ورک ویزا:

a) روزگار کی غرض سے / خصوصی ملازمت کی غرض سے۔
b) لیکچرز / تدریس کی ذمہ داریوں کے سلسلے میں۔

c) کھیلوں کے سلسلے میں۔
d) آرٹسٹ کے طور پر سرگرمیوں کے سلسلے میں۔
e) فری زون ورکرز کے طور پر۔
f) صحافی کے طور پر۔
g) مونتاج اور repairman کے سلسلے میں۔

**دیگر ویزے:**

a) آثاریاتی (آرکیالوجیکل) کھدائی، کھوج کے سلسلے میں۔
b) ڈاکومنٹری بنانے کی غرض سے۔
c) ٹور آپریٹر نمائندہ۔
d) میڈیکل علاج کی غرض سے۔
e) کسی کے ہمراہ۔
f) خاندان کی دوبارہ یکجائی کی غرض سے۔
g) فریٹ (Freight) ویزا۔
h) Seafarer ویزا۔

## ویزا کی درخواست کے لیے چیک لسٹ:

### سیاح/کاروباری شخص:

### اہم دستاویزات:

1. پوری طرح پُر کیا ہوا ویزا اپلی کیشن فارم (https://www.konsolosluk.gov.tr/Visa/Index) آن لائن سسٹم پر جمع کروا کر پرنٹ لیا ہوا اور درخواست گزار کا دستخط شدہ۔ (قومی شناختی کارڈ نمبر، باپ اور ماں کا نام، مکمل رہائشی اور میزبان (اگر اطلاق ہوتا ہو) کے پتے لازمی ہیں۔
2. پاسپورٹ/سفری دستاویز جو ترکی پہنچنے کی تاریخ کے بعد سے کم از کم 6 ماہ تک کارآمد ہو۔
3. تازہ اور پرانے پاسپورٹ کے صفحات کی کاپیاں (بمعہ ویزا انٹری اور ایگزٹ کی مہروں سے متعلقہ استعمال شدہ صفحات۔ اگر اطلاق ہوتا ہو اور یہ صفحات خالی نہ ہوں!)۔
4. درخواست گزار کی 2 تازہ رنگین بائیو میٹرک تصاویر جس کا سائز 5x5cm اور بیک گراونڈ سفید ہو۔
5. سفری ہیلتھ انشورنس کا سرٹیفکیٹ جو کم از کم 30000 یورو اور ترکی میں آپ کے قیام کے عرصے اور وطن واپس لانے کے اخراجات کا بھی احاطہ کرتی ہو۔
6. سرکاری ہسپتالوں یا مجاز لیبارٹریوں سے پولیو ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ (ویکسی نیشن کی میعاد سفری عرصہ پر محیط ہو اور ویکسی نیشن کی تاریخ ایک سال سے زیادہ پرانی نہ ہو)۔
7. فلائٹ ریزرویشن کی کاپی (صرف ریزرویشن، نہ کہ ٹکٹ)۔
8. ہوٹل ریزرویشن کی کاپی (صرف ریزرویشن) یا دعوت نامہ (انفرادی لیٹر پبلک نوٹری نے تیار کیا ہو)۔

دعوت نامے میں ترک شناختی نمبر، اوپن شناخت، دعوت دینے والے شخص کا رہائشی پتہ اور رابطہ نمبر، مدعو کیے گئے افراد کی

فہرست، وزٹ کا دورانیہ اور مقصد، درخواست گزار کے ساتھ تعلق (اگر ہو) اور ٹیکس نمبر (اگر دعوت کمپنی نے دی ہو) شامل ہونا چاہیے۔ اِس کے علاوہ رہائشی انتظامات کی ذمہ داری کے طور پر دعوت دینے والے شخص کو دعوت نامے میں ذکر کرنا چاہیے کہ رہائش و قیام کے اخراجات مدعو کیے گئے افراد خود اُٹھائیں گے)۔

9. کمپنی کی جانب سے ملازمت کا لیٹر جس میں نام، پوزیشن، تنخواہ، پیشے یا مہارت کا ذکر ہو (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
10. بینک اکاؤنٹ کا سرٹیفکیٹ اور گزشتہ تین ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس [موجودہ بیلنس اتنا ہونا چاہیے کہ تمام اخراجات ادا ہو سکیں، جیسے جہاز کا ٹکٹ، رہائش، کھانا پینا] جن پر بینک کے افسر کے دستخط اور مہر ہوں۔
11. دستاویزات کی تصدیق کے لیے درخواست گزار کا اجازت نامہ۔

## مشروط دستاویزات:

1. نوٹری کے زیر اہتمام والدین کا اجازت نامہ (اگر درخواست دہندہ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔
2. بونیفائیڈ لیٹر (اگر درخواست دہندہ ایک طالب علم ہے)۔
3. پروفیشنل تنظیم کے بورڈ سے پروفیشنل کوائف کا سرٹیفکیٹ / متعلقہ ادارے (اگر کوئی ہو) سے مہارت کا سرٹیفکیٹ۔
4. اصل فیملی سول رجسٹریشن ایک (اگر اہل خانہ ساتھ سفر کر رہے ہوں)۔
5. ای ویزا کی کاپی / کاپیاں (اگر درخواست گزار کسی ایسے شخص کے ہمراہ سفر کر رہا ہے جو کار آمد ترک ای ویزا کا حامل ہے)۔
6. پاکستان سے باہر جانے کی دستاویز یا سرکاری افسران کے لیے اپنے اداروں سے NOC (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔

**ویب سائیٹ:** http://visadropbox.com/wp-content/uploads/2017/05/I-Touristic-Visa.pdf

## بزنس ویزا

## فرائض کے سلسلے میں

### اہم دستاویزات:

1. پُر کیا ہوا ویزا ایپلی کیشن فارم (https://www.konsolosluk.gov.tr/Visa/Index) آن لائن سسٹم پر جمع کروا کر پرنٹ لیا ہوا اور درخواست گزار کا دستخط شدہ۔ (قومی شناختی کارڈ نمبر، باپ اور ماں کا نام، مکمل رہائشی اور میزبان (اگر اطلاق ہوتا ہو) کے پتے لازمی ہیں۔
2. پاسپورٹ / سفری دستاویز جو ترکی پہنچنے کی تاریخ کے بعد سے کم از کم 6 ماہ تک کارآمد ہو۔
3. تازہ پاسپورٹ کے صفحات کی کاپیاں۔
4. درخواست گزار کی 2 تازہ رنگین بائیو میٹرک تصاویر جس کا سائز 5x5cm اور بیک گراؤنڈ سفید ہو۔
5. وزارت امورِ خارجہ پاکستان سے Note Verbal اور آفیشل اسائنمنٹ لیٹر کے دستاویزات:
6. نوٹری کے زیر اہتمام والدین کا اجازت نامہ (اگر درخواست دہندہ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔

## تعلیمی مقصد

### اہم دستاویزات:

1. پوری طرح پُر کیا ہوا ویزا اپلی کیشن فارم (https://www.konsolosluk.gov.tr/Visa/Index)۔ آن لائن سسٹم پر جمع کروا کر پرنٹ لیا ہوا اور درخواست گزار کا دستخط شدہ۔ (قومی شناختی کارڈ نمبر، باپ اور ماں کا نام، مکمل رہائشی اور میزبان (اگر اطلاق ہوتا ہو) کے پتے لازمی ہیں۔
2. پاسپورٹ / سفری دستاویز جو ترکی پہنچنے کی تاریخ کے بعد سے کم از کم 6 ماہ تک کارآمد ہو۔
3. تازہ اور پرانے پاسپورٹ کے صفحات کی کاپیاں (بمعہ ویزا اینٹری اور ایگزٹ کی مہروں سے متعلقہ استعمال شدہ صفحات۔ اگر اطلاق ہوتا ہو اور یہ صفحات خالی نہ ہوں!)۔
4. درخواست گزار کی 2 تازہ رنگین بائیو میٹرک تصاویر جس کا سائز 5x5cm اور بیک گراؤنڈ سفید ہو۔
5. سفری ہیلتھ انشورنس کا سرٹیفکیٹ جو ترکی میں داخل ہونے کے بعد 90 دن تک کارآمد ہو اور کم از کم 30000 یورو اور وطن واپس لانے کے اخراجات کا بھی احاطہ کرتی ہو۔
6. سرکاری ہسپتالوں یا مجاز لیبارٹریوں سے پولیو ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ (ویکسی نیشن کی میعاد سفری عرصہ پر محیط ہو اور ویکسی نیشن کی تاریخ ایک سال سے زیادہ پرانی نہ ہو)۔
7. سٹوڈنٹ سرٹیفکیٹ / قبولیت کا لیٹر (Acceptance Letter)۔
8. فلائٹ ریزرویشن کی کاپی (صرف ریزرویشن، نہ کہ ٹکٹ)۔
9. سٹوڈنٹ یا سپانسر کا بینک اکاؤنٹ سرٹیفکیٹ اور گزشتہ تین ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس [موجودہ بیلنس اتنا ہونا چاہیے کہ تمام اخراجات ادا ہو سکیں، جیسے ایک سال کی ٹیوشن فیس / کورس فیس + جہاز کا ٹکٹ، رہائش، کھانا پینا] جن پر بینک افسر کے دستخط اور مہر ہوں اور نوٹری کی جانب سے سپانسر کا گارنٹی لیٹر (اقرار نامہ)۔ (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
10. دستاویزات کی تصدیق کے لیے درخواست گزار کا اجازت نامہ۔

### مشروط دستاویزات:

1. نوٹری کے زیر اہتمام والدین کا اجازت نامہ (اگر درخواست دہندہ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔
2. یونیفائیڈ لیٹر (اگر درخواست دہندہ ایک طالب علم ہے)۔
3. اصل فیملی سول رجسٹریشن ایک (اگر اہل خانہ ساتھ سفر کر رہے ہوں)۔
4. ای ویزا کی کاپی / کاپیاں (اگر درخواست گزار کسی ایسے شخص کے ہمراہ سفر کر رہا ہے جو کارآمد ترک ای ویزا کا حامل ہے)۔
5. پاکستان سے باہر جانے کی دستاویز یا سرکاری افسران کے لیے اپنے اداروں سے NOC (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔

**ویب سائیٹ:** http://visadropbox.com/wp-content/uploads/2017/05/I-Touristic-Visa.pdf

## ملازمت کا مقصد

### اہم دستاویزات:

1. پوری طرح پُر کیا ہوا ویزا اپلی کیشن فارم (https://www.konsolosluk.gov.tr/Visa/Index)۔ آن لائن سسٹم پر جمع کروا کر پرنٹ لیا ہوا اور درخواست گزار کا دستخط شدہ۔ (قومی شناختی کارڈ نمبر، باپ اور ماں کا نام، مکمل رہائشی اور میزبان (اگر اطلاق ہوتا ہو) کے پتے لازمی ہیں۔
2. پاسپورٹ / سفری دستاویز جو ترکی پہنچنے کی تاریخ کے بعد سے کم از کم 6 ماہ تک کارآمد ہو۔
3. تازہ اور پرانے پاسپورٹ کے صفحات کی کاپیاں (بمعہ ویزا انیٹری اور ایگزٹ کی مہروں سے متعلقہ استعمال شدہ صفحات۔ اگر اطلاق ہوتا ہو اور یہ صفحات خالی نہ ہوں!)۔
4. درخواست گزار کی 2 تازہ رنگین بائیو میٹرک تصاویر جس کا سائز 5x5cm اور بیک گراؤنڈ سفید ہو۔
5. کردار کے متعلق کارآمد پولیس سرٹیفکیٹ (جو گزشتہ 6 ماہ میں جاری کیا گیا ہو)۔
6. سرکاری ہسپتالوں یا مجاز لیبارٹریوں سے پولیو ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ (ویکسی نیشن کی میعاد سفری عرصہ پر محیط ہو اور ویکسی نیشن کی تاریخ ایک سال سے زیادہ پرانی نہ ہو)۔
7. کمپنی کی جانب سے ملازمت کا لیٹر جس میں نام، پوزیشن، تنخواہ، پیشے یا مہارت کا ذکر ہو (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
8. لیبر کا معاہدہ (ایمپلائر اور ایمپلائی کے درمیان ہونے والے معاہدے کی اصل اور کاپی، نوٹری سے تصدیق ہونا ضروری نہیں)۔

### مشروط دستاویزات:

1. پروفیشنل تنظیم کے بورڈ سے پروفیشنل کوائف کا سرٹیفکیٹ / متعلقہ ادارے (اگر کوئی ہو) سے مہارت کا سرٹیفکیٹ۔
2. اصل فیملی سول رجسٹریشن ایک (اگر اہل خانہ ساتھ سفر کر رہے ہوں)۔

**ویب سائیٹ:** http://visadropbox.com/wp-content/uploads/2017/05/I-Touristic-Visa.pdf

## خاندان سے دوبارہ ملنے کا مقصد

### اہم دستاویزات:

1. پوری طرح پُر کیا ہوا ویزا اپلی کیشن فارم (https://www.konsolosluk.gov.tr/Visa/Index)۔ آن لائن سسٹم پر جمع کروا کر پرنٹ لیا ہوا اور درخواست گزار کا دستخط شدہ۔ (قومی شناختی کارڈ نمبر، باپ اور ماں کا نام، مکمل رہائشی اور میزبان (اگر اطلاق ہوتا ہو) کے پتے لازمی ہیں۔
2. پاسپورٹ / سفری دستاویز جو ترکی پہنچنے کی تاریخ کے بعد سے کم از کم 6 ماہ تک کارآمد ہو۔
3. تازہ اور پرانے پاسپورٹ کے صفحات کی کاپیاں (بمعہ ویزا اینٹری اور ایگزٹ کی مہروں سے متعلقہ استعمال شدہ صفحات۔ اگر اطلاق ہوتا ہو اور یہ صفحات خالی نہ ہوں!)۔
4. درخواست گزار کی 2 تازہ رنگین بائیو میٹرک تصاویر جس کا سائز 5x5cm اور بیک گراؤنڈ سفید ہو۔
5. کردار کے متعلق کارآمد پولیس سرٹیفکیٹ (جو گزشتہ 6 ماہ میں جاری کیا گیا ہو)۔
6. نکاح نامہ (میرج سرٹیفکیٹ) اور اصل فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔
7. سفری ہیلتھ انشورنس کا سرٹیفکیٹ جو ترکی میں داخل ہونے کے بعد 90 دن تک کارآمد ہو اور کم از کم 30000 یورو اور وطن واپس لانے کے اخراجات کا بھی احاطہ کرتی ہو۔
8. سرکاری ہسپتالوں یا مجاز لیبارٹریوں سے پولیو ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ (ویکسی نیشن کی میعاد سفری عرصہ پر محیط ہو اور ویکسی نیشن کی تاریخ ایک سال سے زیادہ پرانی نہ ہو)۔
9. فلائٹ ریزرویشن کی کاپی (صرف ریزرویشن، نہ کہ ٹکٹ)۔
10. ہوٹل ریزرویشن کی کاپی (صرف ریزرویشن) یا دعوت نامہ (انفرادی لیٹر پبلک نوٹری نے تیار کیا ہو)۔

دعوت نامے میں ترک شناختی نمبر، اوپن شناخت، دعوت دینے والے شخص کا رہائشی پتہ اور رابطہ نمبر، مدعو کیے گئے افراد کی فہرست، وزٹ کا دورانیہ اور مقصد، درخواست گزار کے ساتھ تعلق (اگر ہو) اور ٹیکس نمبر (اگر دعوت کمپنی نے دی ہو) شامل ہونا چاہیے۔ اِس کے علاوہ رہائشی انتظامات کی ذمہ داری کے طور پر دعوت دینے والے شخص کو دعوت نامے میں ذکر کرنا چاہیے کہ رہائش و قیام کے اخراجات مدعو کیے گئے افراد خود اُٹھائیں گے)۔

11. کمپنی کی جانب سے ملازمت کا لیٹر جس میں نام، پوزیشن، تنخواہ، پیشے یا مہارت کا ذکر ہو (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
12. بینک اکاؤنٹ کا سرٹیفکیٹ اور گزشتہ تین ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس [موجودہ بیلنس اتنا ہونا چاہیے کہ تمام اخراجات ادا ہو سکیں، جیسے جہاز کا ٹکٹ، رہائش، کھانا پینا] جن پر بینک کے افسر کے دستخط اور مہر ہوں۔
13. دستاویزات کی تصدیق کے لیے درخواست گزار کا اجازت نامہ۔

## مشروط دستاویزات:

1. درخواست گزار کی حیثیت کے حوالے سے عدالتی یا انتظامی فیصلہ (اگر کوئی ہو)۔
2. نوٹری کے زیر اہتمام والدین کا اجازت نامہ (اگر درخواست دہندہ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔
3. بونیفائیڈ لیٹر (اگر درخواست دہندہ ایک طالب علم ہے)۔
4. پروفیشنل تنظیم کے بورڈ سے پروفیشنل کوائف کا سرٹیفکیٹ / متعلقہ ادارے (اگر کوئی ہو) سے مہارت کا سرٹیفکیٹ۔
5. ای ویزا کی کاپی / کاپیاں (اگر درخواست گزار کسی ایسے شخص کے ہمراہ سفر کر رہا ہے جو کارآمد ترک ای ویزا کا حامل ہے)۔
6. پاکستان سے باہر جانے کی دستاویز یا سرکاری افسران کے لیے اپنے اداروں سے NOC (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔

**ویب سائیٹ:** http://visadropbox.com/wp-content/uploads/2017/05/VII-Family-Unification-Purpose.pdf

## ویزا کی درخواست دینے کے مراحل:

### آن لائن فارم:

https://www.konsolosluk.gov.tr/Visa/Index

## اہم نوٹس

### ذاتی طور پر حاضر ہونا

- انفرادی درخواست گزاروں کے لیے ذاتی طور پر حاضر ہونا لازمی ہے۔
- گروپوں کے لیے: کمپنی کے ٹریول ڈیسک کو اپائنٹمنٹ کے لیے Gerry's سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## ویزا فیس

- سنگل اینٹری فیس: 7350 روپے۔
- ملٹی پل اینٹری فیس: 23930 روپے (ملٹی پل ویزے تبھی دیے جا سکتے ہیں جب درخواست گزار پہلے بھی ترکی کا سفر کر چکا ہو)۔
- سنگل ٹرانزٹ فیس: 7350 روپے۔
- ملٹی پل ٹرانزٹ فیس: 14700 روپے۔

**ویزا فیس ہر سال کے شروع میں اپ ڈیٹ کی جاتی ہے۔**

درخواست گزار کے لیے ضروری ہے کہ 2 تازہ رنگین بائیو میٹرک تصاویر جمع کروائے جن کا سائز 5x5cm اور بیک گراؤنڈ سفید ہو اور قسم بائیو میٹرک ہو، منسلک کی گئی تصویر کی ہارڈ کاپی کٹی پھٹی ہوئی نہیں ہونی چاہیے۔

- JPEG فارمیٹ اپ لوڈ کرنا چاہیے (سکین کیا ہوا نہیں)۔

### درخواست گزار سے رابطے کی تفصیل فارم پر درج ہونی چاہیے۔

- لینڈ لائن نمبر (رہائشی اور دفتری نمبر بمعہ ایکسٹنشن)۔
- موبائل نمبر۔
- ای میل ایڈریس۔

### درخواست گزار کو چاہیے کہ دعوت دینے والی کمپنی سے رابطے کی مکمل تفصیلات فارم میں درج کرے۔

- اگر سسٹم تمام تفصیلات پرنٹ نہ کرے تو درخواست گزار کو چاہیے کہ دعوت دینے والے کی تفصیل خود لکھے۔

### 18 سال سے زائد عمر کے ہر ایک درخواست گزار کو درخواست پر دستخط کرنے چاہیئں۔ نابالغوں کی صورت میں ماں یا باپ دستخط کر سکتے ہیں۔

اگر زیرِ کفالت بچہ بھی ماں یا باپ کے ساتھ سفر کر رہاہے تو باپ یاماں کی جانب سے اجازت نامہ بمعہ تفصیلات برائے رابطہ درکار ہے۔ اِسی طرح اگر بچہ رشتے داروں کے ساتھ سفر کر رہاہے تو پھر ماں باپ دونوں کی طرف سے بیان حلفی دیناہو گا۔ (نیز اگر والدین میں علیحد گی ہو چکی ہے تو بیان حلفی اور علیحد گی کا سرٹیفکیٹ درکار ہے، یا اگر والدین میں سے ایک کی وفات ہو گئی ہے تو موت کا سرٹیفکیٹ دیناہو گا)۔

اگر درخواست گزار کے اہل خانہ /رشتے دار ترکی میں رہتے ہیں اور درخواست گزار دعوت دینے والے کے پاس ٹھہرنا چاہتا ہے تو پھر مدعو کرنے والے سے رابطہ کے تفصیلات کے ساتھ ٹرکش Kimlik کی کاپی، رہائشی پرمٹ، رہائشی پتادیناہو گا۔

اگر درخواست گزار نے درج کیا ہے کہ وہ کسی اور شخص / اہل خانہ / دوستوں کے ساتھ سفر کر رہا/رہی ہے تو پھر اُن کے ویزے اور ریزرویشنز کی کاپی درکار ہو گی۔

(کسی اور ملک سے حاصل کردہ یوایس اے / شینگن ویزا اور ای ویزا یا ٹرکش ویزا سٹیکر کی کاپی)۔

## استثنیٰ

- پاکستان کے سرکاری پاسپورٹ کے حامل افراد 90 دن تک ترکی کا دورہ کرنے کے لیے ویزے سے مستثنیٰ ہیں۔
- پاکستان عام پاسپورٹ کے حامل جن افراد کے پاس شینگن، OECD رکن کا ویزا یا رہائشی پرمٹ ہے وہ اپنا ایک ماہ کا اینٹری ویزا آن لائن حاصل کر سکتے ہیں۔ ای ویزا صرف سیاحت یا تجارت کی غرض سے سفر کے لیے ہی کارآمد ہے۔ ورک اور سٹڈی ویزا کے لیے درخواست گزاروں کو چاہیے کہ ہمارے قونصلیٹ کا دیا ہوا باقاعدہ ویزا لیں۔ مزید معلومات کے لیے ہمارے ہوم پیج پر دیا گیا لنک کلک کریں اور www.evisa.gov.tr چیک کریں۔
- فارنر پاسپورٹ کے حامل افراد کے پاس 6 تا 8 ماہ تک کارآمد پاکستانی ویزا ہونا چاہیے۔

## گروپس:

کمپنیاں / تعلیمی ادارے آن لائن اپائنٹمنٹ کی درخواستیں پر کریں گے اور ہر ایک درخواست گزار کو ایک ریفرنس نمبر موصول ہو گا جو سسٹم سے ڈیٹا لینے کے لیے ویزا سیکشن کو درکار ہو گا، لیکن گروپ اپائنٹمنٹ لینے / کلک کرنے کی بجائے آن لائن فارم ڈاؤن لوڈ کرے گا اور پھر آن لائن درخواستیں "جمع" کروائے گا۔ اِس کے بعد گروپ کا نمائندہ Gerry's کے ذریعے قونصلیٹ جنرل کی بتائی ہوئی تاریخ کو اپنی درخواستیں لائے گا۔

50 سے زائد پاسپورٹس والے گروپس کے لیے تجویز دی جاتی ہے کہ اپنی درخواست جلد از جلد، اور اگر ممکن ہو تو سفر کرنے کی تاریخ سے چند ہفتے پہلے جمع کروائیں۔

## Gerry's کے ذریعے ویزا کی درخواست کا عمل

Gerry's پاکستان میں ترک سفارت خانے کے ساتھ اشتراک عمل کا اعلان کرتا ہے تا کہ ویزا کی درخواست جمع کروانے کا عمل آسان اور تیز بنایا جائے۔ اب تمام درخواست گزار اپنے قریب ترین Gerry's ڈراپ باکس آفس میں ترک ویزا کے لیے اپنی درخواست جمع کرواسکتے ہیں جس پر اسلام آباد میں ترک سفارت کانہ اور کراچی میں ترک قونصلیٹ جنرل کام کرے گا (سوموار، 11 جولائی 2016ء سے)۔

اب ترکی کے لیے ویزا کی درخواست دینے والے افراد ملک بھر میں Gerry's کی ٹریول ہیلتھ انشورنس سروسز حاصل کر سکتے ہیں۔

**لینڈ لائن:** 0900-07860

**موبائل:** 9999

## ویزے کی درخواست پر کارروائی

### مرحلہ 1:

پاکستان میں ترک سفارت خانے / قونصلیٹ کی ویب سائیٹ پر جائیں۔

### اسلام آباد میں ترک سفارت خانہ:

- http://islamabad.emb.mfa.gov.tr/ShowInfoNotes.aspx?ID=198415

### کراچی میں ترک قونصلیٹ جنرل:

- http://karachi.cg.mfa.gov.tr/Mission.aspx

آن لائن ویزا اپلائی کریں۔

### مرحلہ 2:

ویزا اپلی کیشن فارم کا پرنٹ، اپنا پاسپورٹ (جو 08 ماہ سے زائد عرصے تک کارآمد ہو)، پاسپورٹ سائز تصویر (5cmx5cm) دستاویزات کے ہمراہ لائیں جن کا ذکر مطلوبہ ویزا کیٹگری میں ویب سائیٹ پر کیا گیا ہے۔

جب آپ Gerry's کے ویزا ڈراپ باکس آفس میں جائیں گے تو آپ کو ایک ٹوکن ملے گا۔ کاؤنٹر پر اپنی درخواست جمع کروانے کے لیے باری کا انتظار کریں۔

براہِ مہربانی اپنی رسید سنبھال کر رکھیں کیونکہ بعد میں اپنے دستاویزات لینے لیے اِس کی ضرورت ہو گی۔

### مرحلہ 3:

Gerry's کے ویزا ڈراپ باکس آفس سے اپنے دستاویزات لیں۔

## Gerry's ویزاڈراپ باکس دفاتر

### اسلام آباد:

Gerry's کی بلڈنگ، ملحقہ پنجاب کیش اینڈ کیری، پارک روڈ چٹھہ بختاور، چک شہزاد، اسلام آباد۔

### پشاور:

Deans ٹریڈ سنٹر، صدر کینٹ۔

### لاہور:

20A / 20 بالمقابل گنگارام ہسپتال، کوئینز روڈ۔

### گوجرانوالہ:

384-A، پیزا ہٹ کے نیچے، لطیف مال، مین مارکیٹ، ماڈل ٹاؤن۔

### فیصل آباد:

679 بٹالہ کالونی، غوری آرکیڈ، مین ستیانہ روڈ۔

### ملتان:

بزنس سٹی پلازا، بوسن روڈ۔

### سیالکوٹ:

پیرس روڈ، بالمقابل الائیڈ بینک لمیٹڈ۔

### حیدرآباد:

شاپ نمبر 3 و 12، انڈس رینجز گراؤنڈ فلور، نزد آرٹی ریسٹورنٹ، آٹو بھان روڈ، شاہ لطیف آباد۔

### کوئٹہ:

شاپ S-9، سوئس پلازا، ایم اے جناح روڈ۔

### کراچی:

3/1/E، رازی روڈ، بلاک 6، P.E.C.H.S کراچی۔

### سکھر:

بحریہ کمپلیکس 4، چوتھی منزل، چودھری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔ یونٹ نمبر C-7، سٹی بنگلو، شکارپور روڈ، سکھر۔

## درخواست پر کارروائی کا دورانیہ:

ویزا درخواست جمع کروائے جانے کی تاریخ کے بعد کارروائی میں 10 کام کے دن لگیں گے۔

کچھ صورتوں میں ویزا کے مراحل میں تین چار ہفتے بھی لگ سکتے ہیں۔ چنانچہ ہمارا مشورہ ہے کہ اپنی روانگی کی تاریخ سے کم از کم 4 ہفتے پہلے درخواست جمع کروادیں۔

سفارت خانہ / قونصلیٹ اور Gerry's کال یا ای میل کے ذریعے آپ کو ویزا کی صورت حال کے متعلق معلومات دینے کے ذمہ دار نہیں۔

کارروائی کے بعد درخواستیں موصول ہو جانے اور کولیکشن کے لیے تیار ہو جانے پر Gerry's آپ سے رابطہ کرے گا۔

درخواست گزاروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اوپر بتائے گئے وقت کو مدِ نظر رکھ کر اپنے سفر کی متوقع تاریخ سے پہلے درخواستیں جمع کروائیں۔

## ویزا فیس

| ویزا کیٹگری | ویزا فیس (پاکستانی روپے) |
|---|---|
| سنگل اینٹری | 7350روپے۔ |
| ملٹی پل اینٹری | 23930روپے۔ |
| سنگل ٹرانزٹ | 7350روپے۔ |
| ملٹی پل ٹرانزٹ | 14700روپے۔ |
| ورک ویزا | 37800روپے۔ |

**Gerry's کے سروس چارجز فی درخواست گزار: 2800روپے۔**